پریس ریلیز

جنرل ہسپتال میں 2روزہ تربیتی کورس ، صوبہ بھر سے 82 گائنی ڈاکٹرز کی شرکت

گائنا کالوجسٹ زچہ و بچہ کی زندگیاں بچانے میں اہم کردار ادا کرتی ہیں: پروفیسر الفرید ظفر

پوسٹ گریجویشن طلبہ کو پوری خوداعتمادی کے ساتھ امتحان میں شرکت کرنی چاہئے: ایم ایس پروفیسر ندرت سہیل

نوجوان ڈاکٹرز کی ماہرانہ کاوشوں سے ماں و بچہ کی دوران زچگی شرح اموات کم کرنے میں بھی مدد ملے گی: پرنسپل پی جی ایم آئی

لاہور یکم نومبر:...... پرنسپل پوسٹ گریجویٹ میڈیکل انسٹی ٹیوٹ پروفیسر ڈاکٹر محمد الفرید ظفر نے کہا ہے کہ گائنا کالوجسٹ زچہ و بچہ کی زندگیاں بچانے میں اہم کردار ادا کرتی ہیں اور یہ ایک خدائی صفت ہے۔ اللہ تعالیٰ نے انہیں انسانیت کی خدمت اور تحفظ آدمیت کیلئے ذمہ داریاں سونپی ہیں، لہٰذا ان کا یہ فرض ہے کہ وہ اپنی پیشہ وارانہ مہارت اور امراض نسواں کو بہتر انداز میں سمجھنے میں پوری توجہ دیں تا کہ وہ حاملہ خواتین اور دنیا میں آنے والے نومولود بچوں کی زندگیوں کی حفاظت کر سکے۔ ان کی ماہرانہ کاوشوں سے ماں و بچہ کی دوران زچگی شرح اموات کم کرنے میں بھی مدد ملے گی۔

ان خیالات کا اظہار انہوں نے پوسٹ گریجویشن کے امتحان میں شرکت کرنے والے ڈاکٹرز کیلئے لاہور جنرل ہسپتال میں منعقدہ تربیتی کورس میں شریک شرکاء سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ 2روزہ کورس کا اہتمام پروفیسر ڈاکٹر ندرت سہیل نے گائنی یونٹ 2 میں کیا جس میں صوبہ بھر سے 82 ڈاکٹرز نے شرکت کی۔ جو ایف سی پی ایس، آئی ایم ایم، ایم ایس، ایم سی پی ایس اور ڈی جی او کے امتحانات میں شریک ہونگے۔ پروفیسر ڈاکٹر ندرت سہیل نے کہا کہ پروفیسر محمد طیب، پروفیسر روبینہ سہیل، پروفیسر فرحت، پروفیسر میمونہ اشرف کے علاوہ ملک کے ممتاز گائنا کالوجسٹ اساتذہ و ماہرین نے شرکاء کو امتحان کی تیاری کے حوالے سے خصوصی لیکچرز دیئے اور رہنمائی فراہم کی۔ ایم ایس ایل جی ایچ ڈاکٹر ندرت سہیل کا کہنا تھا کہ طلبہ کو پوری خوداعتمادی کے ساتھ امتحان میں شرکت کرنی چاہئے تا کہ وہ امتحانی پرچہ میں پوچھے گئے ہر سوال کا بہتر اور درست جواب دے کر نمایاں کامیابی حاصل کر سکیں۔

پرنسپل امیر الدین میڈیکل کالج پروفیسر ڈاکٹر الفرید ظفر نے امید ظاہر کی امتحان میں شریک تمام مرد و خواتین ڈاکٹرز، مستقبل کے بہترین گائنا کالوجسٹ بن کر ابھریں گے اور سرکاری و نجی شعبہ میں دکھی انسانیت کی احسن انداز میں اپنی خدمات سرانجام دے کر نام کمائیں گے۔ پروفیسر الفرید ظفر نے نوجوان ڈاکٹرز کی تعلیم و تربیت، مریضوں کی کونسلنگ اور دور جدید کے تقاضوں سے ہم آہنگ کرنے کیلئے ضروری رہنمائی فراہم کرنے پر سینئر میڈیکل ٹیچرز کی خدمات کو سراہتے ہوئے ان کا شکریہ ادا کیا اور توقع ظاہر کی کہ وہ آئندہ بھی پی جی ایم آئی/اے ایم سی کے سٹوڈنٹس کو اپنے وسیع تجربہ و قابلیت سے مستفید کرتے رہیں گے۔

☆☆☆☆

پرنسپل پی جی ایم آئی پروفیسر الفرید ظفر اور پروفیسر ڈاکٹر ندرت سہیل کا لاہور جنرل ہسپتال میں تربیتی کورس میں شریک
ماہرین و ڈاکٹرز امراض نسواں کے ساتھ گروپ فوٹو